فروری
--
2005

اختصاریہ برائے

# اتفاق رائے کی تعمیر

دو یا اس سے کم صفات میں

**اگر آپ نے ایک نظر ڈالنی ہے تو یہ پڑھیے۔**

پالیسی و خدمات گریندگان کو یہ موقع فراہم کرنا کہ وہ پالیسی میں تبدیلی کی سفارش کریں اور پالیسی بنانے اور نافظ کرنے والوں میں تبدیلی کے بارے میں اتفاق رائےپیدا کر سکیں۔

**خلاصہ.....**

ایک موثرپالیسی کی تخلیق کیلے ہمیں روزگار کے اس ماحول کو بھی سمجھنا ہو گا جس میں اس پالیسی پر عمل در آمد ہونا ہے۔

وہ وسائل جو لوگوں کے پاس موجود ہیں یا وہ حاصل کر سکتے ہیں، خطرات اور ان سے نمٹنے کا طریقہ کار اور وہ طریقہ کار یا ماحول جس میںپالیسی لوگوں کے روزگاری احداف کوبہتر طور پرحاصل کرنے میں مدد دے سکتی ہے، کو سمجھنا آسان اور فوری عمل نہیں ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے لوگوں کی رائے چاہئے ہو گی جو اس پالیسی اور خدمات کے گریندگان ہیں۔ اس سوجھ بوجھ اور لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کے لیےہمیں نئی تکنیکوں، وسائل اور تربیت کی ضرورت ہو گی۔

لوگوں کی زندگیوں کو جانے کے ساتھ ساتھ موجودہ پالیسیوں اور خدمات کے بارے میں ان کےتجربات سے سبق حاصل کر سکتے ہیں اور اس میں تبدیلی کے لئے ان کی رائے اور سفارشات حاصل کر سکتےہیں۔

پالیسی بنانے اور مرتب کرنے والےاکثر ان لوگوں سے بہت دور ہوتے ہیں جن کی وہ پالیسی کے زریعے مدد کرنا چاھتے ہیں۔ ان کے درمیان زبان، ثقافت،اور سماجی و معاشی دیواریں بھی ہو سکتی ہیں۔ معلومات کے فوری تبادلہ کےلیےیہاں طریقہ کار موجود ہے۔ مثال کے طور پرکسانوں اور ماہی گیروں کی مدد کرنا کہ وہ اپنی زندگی کے بارے میں فلم بنائیں، یامعاملے کے مطالعہ پر مشتمل ڈرامے بنانا اور ان ڈراموں کو پالیسی بنانے والوں کے سامنے کسی ورکشاپ میں پیش کرنا جس میں مسائل کے بارے میں واضع مقالمے موجود ہوں،اس کے علاوہ دوسری جگہ سے حاصل سبق کو بھی اس ڈرامے کا حصہ بنایا جا سکتا ہے۔

- دیہی علاقوں کا دورہ کریں اور ان حالات کو سمجھنے کی کوشش کریں جس میں پالیسی پر لازمی طور پر عمل درآمد ہونا ہے۔
- پالیسی اور خدمات کے گرینگان سے موجودہ پالیسی اور خدمات کے بارے میں ان کی رائے حاصل کریں اوراس میں تبدیلی کے لئےسفارشات حاصل کریں۔
- ڈرامے، معاملہ فہمی، ورکشاپس اور حاصل سبق جو کہیں سے بھی ہو کے زریعے تبادلہ خیال کرنا۔

← اس سے اہم مسائل اور وہ ماحول جس میں پالیسی پر عمل درآمد ہوناہے کو سمجھنے میں مدد ملے گی، اس کے علاوہ موجودہ پالیسی میں خامیاں اور تبدیلی کے لیے سفارشات بھی حاصل ہوں گی۔

STREAM

پالیسی

اختصاریہ

www.streaminitiative.org

نمبر 1

اختصاریہ

**یہ کس کے متعلق ہے؟**

وہ لوگ جوپالیسی میں تبدیلی چاہتے ہیں۔

**یہ پڑھیے اگر --**

آپ پالیسی میں تبدیلی چاھتے ہیں۔

**اس میں شامل ہیں:**

- روزگار کے اس ماحول کو سمجھنا جوجس میں لازمی طور پر پالیسی کو چلنا ہے۔ پالیسی کے گرینگان سے حالیہ پالیسی اور اس میں تبدیلی کے بارے میں رائے لینا
- ڈرامے، مطالعہ معاملہ، ورکشاپس اور کسی دوسری جگہ سے سیکھے گئے سبق کے بارے میں تبادلہ خیال کرنا۔
- پالیسی میں تبدیلی کے لئے اتفاق رائے پیدا کرنا۔

فیصلہ سازی میں تنظیمی حثیت سے ماورا ہونا۔

شرکاء کو متعدد مرتبہ جزیات کی مدد دینا اور ان سے ردِعمل وصول کرنا۔

مختلف گروہوں سے تجاویز کو وصول کرنا، ان کی چھان پھٹک کہ ان میں کتنا اتفاق رائے موجود ہے۔ اور کسی فیصلہ پر راضی ہونا۔

- یہ رسمی یا غیر رسمی طور پر چھوٹے یا بڑے گروہ میں کیا جا سکتا ہے۔
- یہ لوگوں کو مدد دیتا ہے کہ وہ پالیسی، پالیسی بنانے والے ، اور اسے چلانے والوں کے ساتھ نئے خیالات پر کھل کر اظہار رائے کر سکیں۔
- یہ پالیسی میں تبدیلی کے لیے فیصلہ کرتے وقت ہمیںمناسب ترجیحات مہیا کرتا ہے۔

## پالیسی میں تبدیلی کے لیے اتفاق رائے کی تعمیر...... پر ایک اختصاریہ۔

پالیسی میں تبدیلی کی سفارشات سے تبدیلی کے فیصلے تک پینچنے کے لیے بحث و مباحثہ اور اتفاق رائے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اتفاق رائے کا عمل فیصلہ سازوں کو سیاسی یا جزباتی ماحول میں فیصلہ سازی میں مدد دیتا ہے۔ یا جب فیصلہ طاقتور طبقوں کو جب وہ مخالف نظریات رکھتے ہوں ان میں گروہی فیصلہ سازی کے فوائد کو حاصل کرتے ہوے اور کمزوریوں کو دور کرتے ہوے اتفاق رائے پر پہنچنے میں مدد دیتا ہے۔

### . تبدیلی کے لئے اتفاق رائے کی تعمیر

پالیسی سازوں اوراس پر عمل درآمد کرنے والوں کا ایک گروہ (مقامی، صوبائی یا قومی سطح پر) اکھٹا کریں۔ گروہ کا ہر رکن تمام دوسرے ارکان کو جانتا ہو لیکن سب الگ الگ کام کریں، اور سب کو معلومات اور پسند کاگمنام حق ایک تیسرے فریق (ثالث) کےزریعے مہیا کیا جائے۔

ثالث موضوع سے متعلق معلومات مہیا کرتا ہے، اور پالیسی میں تبدیلی کے لئے پسند کا حق مہیا کرتا ہے(جو پالیسی کے گریندگان کی طرف سے تجویز کیے گیے ہوتے ہیں) اور ہر رکن کو یہ موقع دیتا ہے کہ وہ اپنی پسند کی ترجیحات مقرر کرے، تب وہ ردعمل کو جمع کرتا ہے اورگروہ کے گمنام ردعمل کو واپس ہر رکن کو دیتا ہے۔ اب ہر رکن گمنام طور پر آزاد ہوتا ہے کہ وہ ان تجاویز کو قبول کرے یا اسے رد کر دے۔اور صرف دلیل کی بنیاد پر دوسروں کو اس بات پر قائل کرے کہ وہ آپنی رائے کو تبدیل کریں۔ اب ثالث نئے اتفاق رائے کو سب کے سامنے رکھے گا اب مخالف فریق اس کو مان لیں گے یااس میں مذید دلیل دیں گے کہ کیوں دوسرے آپنی رائے کو بدل لیں۔

← یہ اس بات میں مدد دیتا ہے کہ آپ آزادانہ طور پر آپنی رائے کا اظہار کرسکتے ہیں اور دوسروں کی رائے پر خفیہ طور پر تنقید کرسکتے ہیں، اس کا فائیدہ یہ ہے کہ آپ گروہ کے غالب ارکان اوراپنے آعلی افسران کے ساتھ مخالفت مول لے بغیر مخالف تجویز دے سکتے ہیں۔

اس طریقہ کے **کئی دفعہ اعادہ کے بعد** (لیکن چار سے زیادہ نہیں) **خیالات میں یکسانیت** کو ڈھونڈا جا سکتا ہے۔

← مقامی لوگوں کے اندر سے تبدیلی کے لے سفارشات لینے سے گریندگان کو بولنے کا حق ملتا ہے، ثالثی، گمنام اعادہ اور باضابطہ ردعمل پالیسی سازوں اور اس کو نافظ کرنے والوں کو موقع دیتا ہے کہ وہ اس میں مکمل شریک ہو سکیں۔

یہ طریقہ کار پالیسی میں تبدیلی کے لیےشفاف ترجیحات کا خاکہ مہیا کرتا ہے، جو گریندگان سے حاصل شدہ ہوتی ہیں، اورجس پر پالیسی سازاوراسےنافذ کرنے والے متفق ہوتے ہیں۔ جن کی بنا پر پالیسی میں تبدیلی کے فیصلے کے جاتے ہیں۔

### اس موضوع پرمعلومات اور مواد کے لیے رابطہ کا پتہ مندرجہ ذیل ہے۔

8100ر "غریب لوگوں کے لیے ماہی بانی کی خدمات مہیا کرنے کے لیے پالیسی پر تحقیق" 12 مسودے۔
(ISBN 974-7313-63-4) http://www.streaminitiative.org/Library/India/india.html

8334رغریب لوگوں کے لیے بنائی گی پالیسی8100ر کی ہندوستان کےپالیسی سازوں کے ساتھ اعانت ، 8 مسودے۔
http://www.streaminitiative.org/Library/pdf/pdf-india/StakeholdersMeeting.pdf

### اس کا ماخز کیا ہے ؟

پالیسی اختصاریہ کا یہ سلسلہ علاقائی آبی وسائل کے نظم و ضبط میں مدد (سٹریم) جو ایشاء پیسفک میں ماہی بانی کے مراکز کے رابطے کے مرکز کا ایک پروگرام ہے نے تیار کئے ہیں
پالیسی اختصاریہ نمر 1 کسانوں، ماہی گیروں، مقامی، ضلعی، صوبائی و قومی حکومتی و غیر حکومتی حصہ داران کے تجربات پر مشتمل ہے۔ اور اس میں برطانوی حکومت کےبین الاقوامی تعاون کے پروگرام برائے قدرتی وسائل کا منصوبہ 8100ر " غریب لوگوں کے لیے ماہی بانی کی خدمات مہیا کرنے کے لیے پالیسی پر تحقیق" کی مالی مدد شامل ہے۔ یہ منصوبہ مارچ 2002 سے اپریل 2003 تک چلا، اس کا مقصد دیہی روزگار کی ترقی کے لیےایسے نظام کی شناخت، ازمائش و ترقی تھا جو بہتر دیہی خدمات مہیا کر سکے۔ خاص طور پر ماہی بانی کی خدمات۔ مذید معلومات کے لیے اس پتہ پر رابطہ کریں۔
www.streaminitiative.org/Library/India/india.html

**پتہ ہے:**

STREAM, NACA, Suraswadi Bldg, DOF Complex, Kasetsart University, Ladyao, Jatujak, Bangkok 10900 THAILAND, Fax (662) 561-1727, Tel (662) 561-1728